۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے
عبوری کیش ڈویڈنڈ کی ادائیگی

ہم اپنے حصص یافتگان کو یہ اطلاع دینے میں مسرت محسوس کرتے ہیں کہ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے ۳۵۔۰ پیسے فی حصص یعنی ۳۵ فیصد پہلا عبوری کیش ڈیویڈنڈ، جس کی منظوری ۲۵ اپریل ۲۰۲۲ء کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں دی گئی تھی ان حصص یافتگان کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقہ سے براہ راست کریڈٹ کردیا گیا ہے جنہوں نے اپنے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور فعال انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) فراہم کردیئے ہیں۔ ڈیویڈنڈ کی رقم کو متعین بینک اکاؤنٹس میں کریڈٹ کرنے کی اطلاع بھی بینک کی جانب سے شارٹ میسج سروس (ایس ایم ایس) اور/یا ای میل کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی گئی ہے۔

آئی بی اے این اور فعال شناختی کارڈ کی عدم فراہمی کے خلاف ڈویڈنڈ کو روکنا:

مزید برآں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ اور ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او ۱۱۴۵ (۱) /۲۰۱۷ مورخہ ۶ نومبر ۲۰۱۷ء کے تحت کمپنی نے ان حصص یافتگان کے ڈیویڈنڈز روک لئے ہیں جنہوں نے ابھی تک اپنے بینک کی تفصیلات بشمول آئی بی اے این اور فعال شناختی کارڈ کی کاپی فراہم نہیں کی ہیں۔

لہٰذا حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فعال شناختی کارڈ کی نقل اور بینک کی مکمل تفصیلات بشمول ۲۴ ہندسوں کا آئی بی اے این کمپنی کی ویب سائٹ http://www.humnetwork.tv پر دستیاب ''فارم فار ڈویڈنڈ مینڈیٹ'' کو پُر کرکے کمپنی کے شیئر رجسٹرار ''میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ'' (فزیکل فارم میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) اور اسٹاک مارکیٹ بروکرز (سی ڈی ایس میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) جلد از جلد کمپنی کو الیکٹرانک طور پر کریڈٹ/نقد ڈویڈنڈ کی ادائیگی کے ساتھ رابطہ کریں۔

سی ڈی سی کی ای سروسز پورٹل پر رجسٹریشن:

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) نے ای سروسز ویب پورٹل پر سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (سی سی ڈی آر) تیار کیا ہے جس میں لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے ادا کردہ غیر ادا شدہ یا روکے گئے ڈویڈنڈ کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں۔ سی سی ڈی آر لسٹڈ کمپنیز کی جانب سے حصص یافتگان کو ادا کردہ ڈیویڈنڈ کا ریکارڈ مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے اور متعلقہ حصص یافتگان کو ان تمام معلومات تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ ویب پورٹل لسٹڈ کمپنیز کے حصص یافتگان کو سینٹرلائزڈ رجسٹر سے نقد ڈویڈنڈ کی تفصیل حاصل کرنے اور اسے اپنے ریکارڈ کے مقاصد کے لئے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کرے گا۔ حصص یافتگان ویب سائٹ https://eservices.cdcaccess.com.pk کے ذریعے سی سی ڈی آر تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ، ڈیویڈنڈ/زکوٰۃ اور ٹیکس کٹوتی کی رپورٹ براہ راست حصہ لینے والے (اسٹاک بروکر) سے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں جو انہیں ان کے سی ڈی ایس ٹرمینلز پر فراہم کی گئی ہیں۔ مزید برآں، حصص یافتگان اپنے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھی اس رپورٹ کی ایک کاپی حاصل کرسکتے ہیں۔

بورڈ کی جانب سے

محسن نعیم

کمپنی سیکریٹری

کراچی،

۱۸ مئی ۲۰۲۲ء